Royal College of Anaesthetists

Trusted Information Creator

Patient Information Forum

پڑھنے میں آسان

# اینیستھیزیا (سُن کرنے والی دوا) سے کرایا جانا والا آپریشن (جراحی)

## پڑھنے میں آسان کتابچہ

آپریشن کرانا خوف ناک محسوس ہو سکتا ہے، لیکن کچھ کام کر کے آپ کو کم پریشانی محسوس کرنے میں مدد مل سکتی ہے۔


اس کتابچے میں ایسے الفاظ کی وضاحت کی گئی ہے جو آپ کو مشکل لگ سکتے ہیں۔

اس میں آپ کو یہ بھی بتایا گیا ہے کہ کس چیز کی توقع کرنی ہے اور آپریشن کے لیے کس طرح تیار ہونا ہے۔


ہم امید کرتے ہیں کہ یہ آپ کے لئے مفید ہو گا۔

## مشکل الفاظ سے کیا مراد ہے

**اینیستھیزیا (سُن کرنے والی دوا لگانے کا عمل)** (جس کا تلفظ ’اَین-اَس-تھی-زِ-آ‘ کی طرح ہے) آپ کو آپریشن کے لیے سلا دیتا ہے۔




**جنرل اینیستھیٹکس** (جس کا تلفظ اَین-اَیس-تھی-ٹِکس ہے) ادویات آپ کو سلا دیتی ہیں تاکہ آپ دوران آپریشن سکون سے رہیں۔



**پیشگی تشخیصی کلینک** ہسپتال کا ایسا کلینک ہوتا ہے جہاں نرس آپ کی صحت سے متعلق سوالات پوچھتی ہے۔ اینیستھیٹک (سُن کرنے والی دوا) کے پلان سے متعلق بات کرنے کے لیے آپ کسی اینیستھیٹسٹ (سُن کرنے والی دوا لگانے والا) سے بھی ملاقات کر سکتے ہیں۔



**کینیولا**(جس کا تلفظ ’کَین-یُو-لا‘ ہے) پلاسٹک کی پتلی ٹیوب ہے جو ڈاکٹر یا نرس ادویات یا مختلف مادے لگانے کے لیے آپ کے ہاتھ کی پشت پر لگائیں گے۔





# ہسپتال میں آپ کی دیکھ بھال کون کرے گا

ہسپتال میں بہت سے لوگوں سے آپ کی ملاقات ہو گی۔ ہو سکتا ہے آپ کو تشویش ہو کہ یہ کون ہیں اور کیا کرتے ہیں۔



**اینیستھیٹسٹ** (جس کا تلفظ اَین-اَیس-تھَی-ٹِسٹ ہے) ایسا ڈاکٹر ہے جس نے دوران آپریشن سلانے کی دوا دینے کی تربیت لی ہوتی ہے۔



**سرجن** (جس کا تلفظ 'سَر-جَن ہے') ایسا ڈاکٹر ہے جو آپریشن کرے گا۔

**نرس** – ہسپتال میں آپ اور ڈاکٹرز کو مدد کرنے کے لیے ہمیشہ اردگرد نرسز موجود ہوں گی۔ اگر آپ کو کوئی پریشانی ہو تو آپ ڈاکٹر یا نرس سے بات کر سکتے ہیں۔



**اینیستھیزیا ٹیم** - اینیستھیٹسٹ اور ہسپتال میں موجود دیگر عملہ جو آپریشن سے پہلے، اس کے دوران اور بعد میں آپ کی دیکھ بھال کرے گا۔

آپ کی دیکھ بھال کرنے والا آپ کے ساتھ ہسپتال آ سکتا ہے۔



# آپریشن کے لئے تیار ہونا

اگر آپریشن سے پہلے آپ تن درست و توانا ہوں تو بہت کم مشکلات کے ساتھ جلد صحت یابی ہو جائے گی۔



اگر آپ کو سگریٹ نوشی، شراب نوشی، یا غیر قانونی منشیات کا استعمال کرنے کی عادت ہے تو آپریشن سے پہلے انہیں روک دیں یا کم کر دیں۔ آپ کا عام امراض کا معالج آپ کو بتا سکتا ہے کہ اس بارے میں آپ کو کہاں سے مدد لینی چاہیے۔




اگر آپ کا وزن زیادہ ہے تو آپ کو وزن کم کرنا چاہیے اور صحت بخش غذا کھانی چاہیے۔ آپ کا ڈاکٹر تجویز کر سکتا ہے کہ آپ کہاں سے مدد حاصل کریں۔






آپریشن کے لیے آپ کو تن درست ہونے میں مدد کرنے کے لیے چہل قدمی اور سیڑھیوں کا استعمال اچھی ورزشیں ہیں۔



آپریشن کے لیے ہسپتال جانے سے پہلے کسی بھی قسم کے صحت کے مسائل ، جیسا کہ ذیابیطس یا دمہ، کے بارے میں اپنے عام امراض کے معالج سے بات کریں۔ آپ کا ڈاکٹر اس بات کی تسلی کرے گا کہ آپ ٹھیک ادویات لے رہے ہیں۔



اگر آپ کا دانت ڈھیلا ہو گیا ہے تو آپریشن سے پہلے اسے ٹھیک کروانے کے لیے اپنے دندان ساز کے پاس جائیں۔ آپریشن کے دوران ڈھیلا دانت باہر نکل سکتا ہے۔



آپریشن کے بعد عام حالات کی طرح ارد گرد گھومنے اور باہر جانے میں مشکل ہو سکتی ہے۔





جب آپ ہسپتال سے گھر آئیں تو اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کہ آپ کے پاس کافی خوراک اور زائد معمول کی ادویات موجود ہیں اپنے خاندان، دوستوں یا آپ کی دیکھ بھال کرنے والوں سے پوچھیں۔



آپریشن کے بعد تھکاوٹ محسوس ہونا معمول کی بات ہے۔ جب آپ گھر واپس آئیں تو اپنے دیکھ بھال کرنے والے اور خاندان سے اپنے آس پاس رہنے اور مدد کرنے کی درخواست کریں۔

## ہسپتال میں آپریشن سے پہلے

آپریشن کے متعلق جائزہ لینے کے لیے ہسپتال آپ کو پیشگی تشخیصی کلینک میں نرس یا اینیستھیٹسٹ سے ملنے کے لیے ایک تاریخ اور وقت بھیجے گا۔




آپ کی دیکھ بھال کرنے والا یا آپ کے خاندان کا کوئی ممبر آپ کے ساتھ جا سکتا ہے۔



ڈاکٹر یا نرس آپ سے آپ کی صحت اور آپ جو ادویات لیتے ہیں اس کے بارے میں سوالات پوچھیں گے۔
**معین وقت پر ملاقات کے لئے اپنی تمام معمول کی ادویات ان کے ڈبیوں میں (یا ان کی فہرست) اپنے ہمراہ لائیں۔**





اگر آپ کو کوئی الرجی ہے تو اس کے بارے میں بتائیں۔




اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کہ آپریشن محفوظ ہو گا آپریشن سے پہلے کچھ ٹیسٹ کروانے کا بندوبست کر سکتے ہیں۔



لوگ آپریشن سے پہلے اکثر خوف محسوس کرتے ہیں۔ آپریشن یا اینیستھیٹک کے متعلق آپ اور آپ کی دیکھ بھال کرنے والا ٹیم سے کوئی بھی سوالات پوچھ سکتے ہیں۔ یہ مختلف باتوں کی وضاحت کر سکتے ہیں اور آپ کو مدد کی پیشکش کر سکتے ہیں۔

# آپریشن کے دن

ہسپتال جانے سے پہلے شاور لیں یا غسل کریں۔ صاف جلد سے انفیکشن ہونے کا امکان کم ہوتا ہے۔



درج ذیل میں سے کسی کو بھی **نہ** پہنیں، نہ ہی ہسپتال لے کر جائیں:



- ✘ زیورات
- ✘ میک اپ یا کریمیں
- ✘ نیل پالش
- ✘ دیگر قیمتی سامان
- ✘ بھاری رقم۔








**درج ذیل کو اپنے ساتھ ہسپتال لازمی** لے کر جائیں:

- ✔ اپنا چشمہ، مصنوعی دانت، اضافی بیٹریوں کے ساتھ سماعت کے آلات، ان کے لیے ایک ڈبہ مفید رہے گا۔




- ✔ آپ کی عام دوائیں۔ ٹیم آپ کو بتائے گی کہ آپ کو کیا کچھ کھانا پینا بند کرنے کی ضرورت ہے۔



- ✔ آپریشن کے دن کچھ کرنے کے لئے، جیسے موسیقی (ہیڈ فون کے ساتھ تاکہ آپ دوسرے مریضوں کو پریشان نہ کریں)، پڑھنے کے لیے کچھ یا آپ کو آرام دینے کے لیے گیمز





- ✔ ٹھنڈ ہونے کی صورت میں پہننے کے لیے کوئی گرم اور آرام دہ چیز، اور جسم دھونے کے لیے چیزیں۔




ہسپتال آپ کو بتائے گا کہ آپ کو کب کھانا بند کرنا ہو گا۔



اس کا مطلب یہ بھی ہے کہ کوئی مٹھائی، چیونگم یا دودھ نہ کھائیں پئیں۔ اگر آپریشن کے دوران آپ کے معدے میں کھانا ہوا تو یہ خطرناک ہو سکتا ہے۔




آپ کو اس وقت تک پانی پینا جاری رکھنا چاہیے جب تک کہ نرس آپ کو رکنے کو نہ کہے، تاکہ جب آپ بیدار ہوں تو آپ کو زیادہ پیاس نہ لگے۔



لباس تبدیل کرنے کے لئے ہسپتال آپ کو اپنی طرف سے ای گاؤن اور کلائی پر پہننے کے لیے ایک پٹی دے گا جس پر آپ کا نام ہو گا۔









جب آپ کے آپریشن کا وقت ہوگا، ایک نرس آپ کو آپریشن تھیٹر میں لے جائے گی۔

آپ کے تیماردار یا نرس کو آپ کے ساتھ جانے کی اجازت دی جا سکتی ہے۔






ٹیم کچھ اور جانچ کرے گی اور آپ کی کلائی کی پٹی پر موجود تفصیلات دیکھے گی۔ وہ آپ سے کچھ سوالات پوچھیں گے تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ سب ٹھیک ہے اور آپ آپریشن کروانے کے لیے راضی ہیں. آپ سے رضامندی کے فارم پر دستخط کرنے کو کہا جائے گا۔



اینیستھیٹسٹ عام طور پر آپ کے ہاتھ کے پچھلے حصے میں پلاسٹک کی ایک چھوٹی ٹیوب (کینیولا) ڈالے گا تاکہ آپریشن کے دوران درکار تمام ادویات آپ کو لگائی جا سکیں۔ بعض اوقات آپ کا اینیستھیٹسٹ اسے مزید آرام دہ بنانے کے لیے کریم لگائے گا۔



بعض اوقات آپ کو سلانے کے لئے سانس میں گیس کھینچنے کو کہا جا سکتا ہے۔



ایک بار جب آپ سو جائیں گے تو آپ کے بیدار ہونے تک اینیستھیٹسٹ آپ کے ساتھ رہے گا۔

## آپریشن کے بعد اور گھر جانے تک



آپریشن کے بعد آپ کے پوری طرح بیدار اور ٹھیک ہو جانے تک آپ کو تھیٹر کے قریب ایک کمرے میں رکھا جائے گا۔ وہاں نرسیں آپ کے ساتھ ہوں گی۔

ضرورت پڑنے پر آپ کو پر سکون رکھنے کے لیے وہ دوائیں بھی دے سکتی ہیں۔



جیسے ہی انہیں تسلی ہو جائے گی کہ اچھی طرح صحت یاب ہو رہے ہیں، وہ آپ کو وارڈ میں لے جائیں گے۔

وارڈ میں آپ دوبارہ کھانا پینا شروع کر سکتے ہیں۔ یہاں عملہ آپ کی ہسپتال سے چھٹی کی تیاری بھی شروع کر دے گا۔



عملہ آپ سے اور آپ کے تیماردار سے اس بارے میں بات کرے گا کہ آپ کو گھر پر کون سی درد کش ادویات لینی ہوں گی۔

وہ آپ کو بتائیں گے کہ کتنی ساری دوائیں اور کتنی بار لینی ہیں۔



اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ اور آپ کے تیماردار کو معلوم ہو کہ جب آپ گھر پہنچیں تو کسی بھی پریشانی کی صورت میں کس کو کال کرنی ہے۔ عملہ آپ کے ہسپتال چھوڑنے سے پہلے کال کرنے کے لیے آپ کو نمبر دے گا۔



آپ کو اپنے تیماردار کے ساتھ گھر جانا چاہیے۔ آپ کے گھر واپس آنے کے بعد پہلے دن اور رات وہ ہر وقت آپ کے ساتھ رہیں۔



آپریشن کے بعد کچھ دن آرام کریں۔ ہسپتال کی طرف سے دی گئی ہدایات اور ورزشوں پر احتیاط سے عمل کریں۔

اگر آپ خود کو بہت بیمار محسوس کرتے ہوں یا گرمی لگتی ہو اور پسینہ آتا ہو تو اپنے تیماردار سے ہسپتال کو فون کرنے یا آپ کو واپس ہسپتال لے جانے کو کہیں۔



اگر آپ کو اپنے زخم کے بارے میں کوئی تشویش ہو تو اپنے عام امراض کے معالج یا ہسپتال سے رابطہ کریں۔

آپ کب دوبارہ گاڑی چلانا شروع کر سکیں گے کے بارے میں ان ہدایات پر عمل کریں جو آپ کو دی گئی ہوں۔



آپ کے کامیاب آپریشن کے لیے نیک تمنائیں!

اگر آپ کے کوئی سوالات ہیں یا کوئی بات واضح نہیں تو عملے سے پوچھنا نہ بھولیں۔ وہ آپ کی مدد کے لیے موجود ہیں۔

## دست برداری

ہم اس کتابچہ میں معلومات کو صحیح اور تازہ ترین رکھنے کے لئے سخت کوشش کرتے ہیں، لیکن ہم اس کی ضمانت نہیں دے سکتے۔ ہمیں توقع نہیں ہے کہ یہ عام معلومات ان سارے سوالوں کا احاطہ کر سکیں جو آپ کے پاس ہو سکتے ہیں یا ہر اس چیز کا جواب دے سکیں جو آپ کے لئے اہم ہے۔ اس کتابچہ کو بطور گائیڈ استعمال کر کے، آپ اپنے اختیارات یا پرشانیوں کے بارے میں اپنی طبی ٹیم سے مشاورت کر سکتے ہیں۔ اس کتابچہ کو بذات خود نصیحت نہ سمجھا جائے۔ اسے کسی بھی تجارتی یا کاروباری مقصد کے لئے استعمال نہیں کیا جا سکتا ہے۔ مکمل دست برداری کے لئے، براہِ مہربانی یہاں کلک کریں
rcoa.ac.uk/patient-information/translations/urdu

تمام ترجمے Translators Without Borders کی مترجم برادری کی طرف سے فراہم کئے جاتےہیں۔ ان ترجموں کا معیار ہر ممکن حد تک صحیح رکھنے کے لئے جانچا جاتا ہے، لیکن پھر بھی چند معلومات کی غلطیوں اور غلط تشریح کا خطرہ

# ہمیں بتائیں کہ آپ کے کیا خیالات ہیں

ہم یہ کتابچہ بہتر بنانے کے لیے تجاویز کا خیرمقدم کرتے ہیں۔ اگر آپ کا کوئی عام تبصرہ ہے تو براہ مہربانی اسے یہاں ای میل کریں:

patientinformation@rcoa.ac.uk

۰۲۰ ۷۰۹۲ ۱۵۰۰

**رائل کالج برائے اینیستھیٹسٹس**
چرچل ہاؤس، ۳۵ ریڈ لائن سکویئر، لندن WC1R 4SG

**rcoa.ac.uk**

## دوسرا ایڈیشن ، مارچ ۲۰۲۲

اس کتابچے کی اشاعت کی تاریخ کے پانچ سال کے اندر دوبارہ جائزہ لیا جائے گا۔

**© ۲۰۲۲ رائل کالج برائے اینیستھیٹسٹس**

یہ کتابچہ مریض کے لئے معلوماتی مواد تیار کرنے کی غرض سے نقل کیا جا سکتا ہے۔ براہِ مہربانی اس اصل ماخذ کا حوالہ دیں۔ اگر آپ اس کتابچے کا کچھ حصہ کسی اور اشاعت میں استعمال کرنا چاہتے ہیں تو مناسب اظہارِ تشکر کرنا ضروری ہے اور لوگو، برینڈنگ اور تصاویر کو ہٹا دینا ضروری ہے۔ مزید معلومات کے لیے ہم سے رابطہ کریں۔

CHANGE People نے اس کتابچہ کا جائزہ لیا ہے
changepeople.org